
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ رحمٰن

پہلی جماعت کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- ہمارے موجودہ طریقہ تدریس کے مطابق عموماً اردو قواعد کی مشق کراتے ہوئے بچوں کو واحد جمع، مذکر مونث اور الفاظ کی ضد کی ایک فہرست بورڈ پر لکھوا دی جاتی ہے جسے بچے بغیر سوچے سمجھے رٹ لیتے ہیں اور انہیں اس کام سے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہوتی۔ اس لئے اس یکسانیت کو دور کرنے اور اردو قواعد میں بچوں کی دلچسپی بڑھانے کے لئے کہانی ''میری دوست'' میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ روز مرہ زندگی میں بولے جانے والے متضاد الفاظ کو کہانی کی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ ابتدائی جماعتوں ہی سے بچے اردو قواعد کے مضمون میں دلچسپی لینا شروع کر دیں۔

## سیشن 1

10 منٹ
- ٹیچر کچھ سخت نرم۔ ہلکی بھاری۔ ٹھنڈی گرم چیزوں کا بندوبست کریں۔

سیشن نمبر 1 گو کہ ابتدائی سیشن ہے لیکن اس سیشن میں بچوں کو ابتداء میں کتابیں تقسیم کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ آپ کو اپنے ساتھ چند آسانی سے دستیاب ہونے والی چیزیں جماعت میں لے کر جانی ہوں گی تاکہ آپ متضاد الفاظ کی وضاحت آسانی سے کر سکیں۔ مثلاً کاغذ اور پتھر کی مدد سے ہلکے اور بھاری کی وضاحت کیجئے۔ اخروٹ اور پھول کی مدد سے سخت اور نرم کی وضاحت کیجئے۔ کسی بھی نئے اور پرانے کپڑے کی مدد سے نئے اور پرانے کی وضاحت کیجئے۔ یہ چیزیں باری باری دکھاتے ہوئے ٹیچر باآواز بلند ضد کے الفاظ مثلاً ہلکا بھاری۔ نرم سخت۔ نیا پرانا وغیرہ خود بولیں۔ پھر بچوں کو کہنے دیں۔ اسی طرح گیلے اور سوکھے کپڑے کی مدد سے خشک اور تر کی وضاحت کریں اور مندرجہ بالا مثالوں کے علاوہ جو بھی چیزیں آسانی سے حاصل ہوسکیں ان کی مدد سے آپ اپنی کلاس کو دلچسپ بنائیں۔

15 منٹ
- اس ابتدائی دلچسپ مشق کے بعد جب بچوں پر اچھی طرح اس بات کی وضاحت ہو جائے کہ وہ اس وقت جماعت میں کیا کام کر رہے ہیں بچوں سے کہیں کہ انہیں دو منٹ سوچنے کے لئے دیئے جا رہے ہیں ان دو منٹ میں ہر بچہ کم از کم اسی طرح کی ایک مثال سوچے اور باری آنے پر اپنی

مثال سنائے۔ اس کے بعد ہر بچے کو اس کی باری آنے پر بولنے کا موقع دیں اور بچوں کی مدد سے ایک فہرست بورڈ پر بنائیں۔

20 منٹ
- اس مشق کے بعد کہانی کی کتابیں تقسیم کی جائیں۔ ٹیچر سب سے پہلے کہانی کا نام، لکھنے والے کا نام اور اس کے بعد تصویریں بنانے والے کا نام پڑھیں۔ ٹیچر بچوں کو سمجھائیں کہ ان کو کون سا صفحہ پڑھنا ہے۔ ٹیچر الفاظ کے اتار چڑھاؤ اور تاثرات کے ساتھ کہانی پڑھیں۔ بچے سبق دیکھتے ہوئے الفاظ پر انگلی رکھ کر ٹیچر کے ساتھ دہرائیں۔ جہاں کہیں تاثرات کی زیادہ ضرورت ہے وہاں ٹیچر لائن کو دہرائیں۔

گھر کا کام
- کہانی کی پڑھائی کر کے آئیں۔

## سیشن 2

15 منٹ
- اس سیشن میں کہانی کی پڑھائی دوبارہ کروائیں اور الفاظ اور ان کی ضد کی طرف توجہ کے ساتھ ساتھ کتاب میں موجود تصویروں کی طرف بھی بچوں کی توجہ دلائیں۔ صفحہ نمبر 5-4-3 پر بنائی گئی تصاویر کو خصوصیت سے دکھایا جائے۔

30 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ ہم بھی اس کہانی کی طرز پر ایک دوسری کہانی بناتے ہیں۔ ذیل میں اس کی ایک مثال دی جا رہی ہے۔

میرا گھر

میرے گھر میں نیچے کی منزل میں امی ابو رہتے ہیں جبکہ ______ کی منزل میں ہم رہتے ہیں۔ میرے کمرے میں اجالا ہے۔ لیکن میرے بھائی کے کمرے میں ______ ہے۔ ہم اپنے گھر کو صاف رکھتے ہیں۔ اسے بالکل بھی ______ نہیں کرتے۔ میرے گھر میں ٹھنڈا پانی بھی آتا ہے اور ______ بھی۔

میرے ابو ہمیشہ تازہ کھانا کھاتے ہیں۔ وہ ______ کھانا بالکل بھی پسند نہیں کرتے ہیں۔
ٹیچر کو چاہئے کہ جس وقت یہ پیراگراف بورڈ پر لکھیں اس وقت ساتھ ہی ساتھ بچے خالی جگہ میں الفاظ اور ان کی ضد بھی لکھتے جائیں۔ پہلے بچے بتائیں پھر ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔

نوٹ:-
اساتذہ اپنی جماعت اور بچوں کی اہلیت کے مطابق یہ کام زبانی یا تحریری دونوں انداز میں کر وا سکتے ہیں یا اس طرح کی دوسری مشق بھی خود ترتیب دے سکتے ہیں۔

## گھر کا کام

- بچے گھر سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 3

15 منٹ
- آج کم از کم 8 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔ کتاب کے حوالے سے زبانی سوالات پوچھیں تاکہ بچوں کو سبق اچھی طرح سے سمجھ میں آ جائے اور کتاب کی دہرائی بھی ہو جائے۔ اس موقع پر کلاس کے ان بچوں کو بار بار بولنے کا موقع دیں جو عموماً کلاس میں خاموش رہتے ہیں۔

30 منٹ
- املا کر وائیں اور املا کی اصلاح بھی بچوں سے ہی کر وائیں۔ اس سیشن میں املا لینے کے بعد درست الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے آپس میں کوپیاں تبدیل کر کے بورڈ پر دیکھ کر غلطیوں کی اصلاح کریں۔ اس طرح ان کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ اس دوران ٹیچر کلاس میں چکر لگائیں اور کوپی چیک کرتے ہوئے نمبر دیں۔ جن بچوں نے زیادہ نمبر حاصل کئے ٹیچر انہیں شاباش دیں تاکہ ان بچوں کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔ املا کے ممکنہ الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔
باغ۔ دن۔ بندر۔ ڈبے۔ اندر۔ بلی۔ موٹا۔ دبلا۔ باہر۔ امی۔ شوربا۔ بوٹیاں۔

# سیشن 4

45 منٹ

- آج گائیڈ میں دی گئی نظم بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔
اس کے بعد سارے بچوں کے ساتھ پڑھیں۔
جب بچوں کو یہ نظم سمجھ آ جائے تو انہیں الفاظ اور ان کی ضد کی نشاندہی کرنے کو کہیں۔
جیسے جیسے بچے بتاتے جائیں بورڈ پر ایک فہرست بنالیں۔
پھر ٹیچر ہر مصرے کی اداکاری مختلف بچوں سے کر وائیں۔
ہر مصرے کے لئے تین یا چار بچوں کو بلایا جائے تاکہ ہر بچے کو اداکاری کا موقع ملے۔
بچے نظم ساتھ ساتھ یاد کریں۔

## الٹ پھیر (نظم)

آؤ آج آرام کریں کام کریں گے کل
جمعے کو تھوڑا پڑھ لکھ لو چھٹی ہوگی کل

اونچے نیچے رستوں پر جلدی جلدی دوڑو
کھٹے میٹھے انگوروں کو بیلوں سے نہ توڑو

سبزی پھل ہم کھائیں اور خوب بنائیں جان
آم اگر ہوں ٹھنڈے گرما گرم ہوں نان

اوپر نیچے آگے پیچھے جہاں جہاں ہم جائیں
چھوٹے بڑے پتلے موٹے لوگوں کو ہم پائیں

# سیشن 5

20 منٹ
• بچوں نے اب تک کافی الفاظ اور ان کی ضد سیکھ لئے ہیں۔ اب بچوں کو دو ٹیموں میں تقسیم کریں۔
(ٹیم A اور ٹیم B۔)
ٹیچر بچوں کو الفاظ دیں۔ وہ اس کی ضد بنائیں۔
ہر صحیح جواب پر اس ٹیم کو ایک نمبر دیں۔
اگر غلط جواب دیں تو یہی الفاظ دوسری ٹیم کو دے دیں۔
جس کے سب سے زیادہ نمبر ہوں وہ ٹیم winner ہے۔
ٹیچر اس کام میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
اس طرح کے کام سے بچوں میں ٹیم ورک کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

25 منٹ
• اب بچوں سے کہیں کہ وہ الفاظ اور ان کی ضد کو تصویر کی شکل دیں۔
بچوں کو ایسے الفاظ اور ان کی ضد دیں جن کی تصویر بنانا آسان ہوں۔
جب یہ کام مکمل ہو جائے تو ان کی بنائی ہوئی تصویریں سوفٹ بورڈ پر لگا دیں۔

## گھر کا کام


بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے دوست کی تصویر لے کر آئیں۔

# سیشن 6

10 منٹ
• کہانی کا نام کیونکہ ''میری دوست'' ہے اس لئے اس موضوع کی مناسبت سے بچوں سے ان کے دوست کے بارے میں پہلے زبانی بات چیت کریں اور کوشش کریں کہ ہر بچے کو بولنے کا موقع ملے۔
اس موقع پر ممکنہ بات چیت یہ ہو سکتی ہے۔
آپ کے دوست کا نام کیا ہے؟
وہ آپ کا دوست کیوں ہے؟

اس کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے؟
وہ آپ کو کیوں اچھا لگتا ہے؟

35 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ سب میری دوست کی طرح اپنے دوست کے بارے میں ایک تہہ در تہہ کھلنے والی کتاب (zig zag book) بنائیں۔



(ٹیچر کاغذ خود کاٹ کر دیں)

ایک 6x24 انچ کا کاغذ شیٹ میں سے کاٹیں۔ اس کو چار تہوں میں فولڈ (fold) کریں۔ (جیسا تصویر میں دکھایا ہے)۔

- بچے ہر صفحے پر اپنے دوست کے بارے میں ایک جملہ لکھیں۔ ہر صفحے پر اس کی تصویر بھی بنائیں۔ کتاب کے cover پر دوست کی تصویر بنا کر لگا سکتے ہیں یا فوٹو گراف چپکا سکتے ہیں۔ اس موقع پر ہر بچے کی حوصلہ افزائی کرنا ضروری ہے۔کیونکہ ضروری نہیں ہے کہ ہر بچہ تصاویر بنانے کے کام میں مہارت رکھتا ہو۔ بچے ایک دوسرے کی کتابیں پڑھیں اور ٹیچر یہ کتابیں لائبریری میں رکھیں۔

## سیشن 7

20 منٹ
- اس کتاب کو پڑھاتے ہوئے بچوں کو رنگوں کی پہچان کر وائیں۔

ٹیچر بچوں کو تصویریں دکھا کر ان سوالوں کے جواب دینے کو کہیں۔ رنگوں کے نام انگریزی میں بھی پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔

آمنہ اور اس کی دوست کے کپڑوں کا رنگ کون سا ہے؟ (ہرا green نیلا blue جامنی purple)
کتاب میں جو گھر نظر آ رہے ہیں ان کے رنگ کیا ہیں؟ (نیلا blue۔ پیلا yellow۔ جامنی purple۔ گلابی pink)۔
گھر کی چھت پر کس رنگ کے کپڑے ٹنگے ہیں؟ (ہرے green۔ سفید white۔ لال red)۔
درختوں کا کیا رنگ ہے؟ (ہرا green۔ بھورا brown)۔
آمنہ کی امی کے کپڑوں کا رنگ کیا ہے؟ (گلابی pink)۔
اس کے بھائی کے کپڑوں کا رنگ کیا ہے؟ (نیلا blue۔ ہرا green)۔
بچوں سے ان کے پسندیدہ رنگ پوچھیں اور اگر وہ فہرست میں نہیں ہیں تو انہیں بھی شامل کریں۔ ساتھ میں ان کی انگریزی بھی لکھیں۔

25 منٹ
- بچوں سے ان کے پسندیدہ رنگ کی کوئی چیز بنوائیں۔ وہ چیز پھل۔ سبزی۔ کپڑے۔ فرنیچر یا کوئی کھلونا بھی ہو سکتا ہے۔ اس چیز کا نام اور رنگ کا نام تصویر کے نیچے لکھیں۔ مثلاً کیلا (banana) پیلا (yellow)

## سیشن 8

15 منٹ
- اس سیشن میں ٹیچر کم از کم 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔ خصوصاً ان بچوں سے جنہوں نے گزشتہ سیشن میں کتاب کی پڑھائی نہ کی ہو۔

30 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے زبانی کام کر وائیں۔ بچوں سے مختلف سوال کریں۔ مثلاً
آمنہ کے گھر میں آم، امرود اور نیبو کے درخت ہیں۔ آپ کے گھر میں کون سے درخت ہیں۔؟
آمنہ کے گھر میں بندر اور بلی ہیں آپ کے گھر میں کون سے جانور ہیں؟
آمنہ کے گھر میں امی ابو اور بھائی رہتے ہیں۔ آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟ ان کے نام لکھیں۔
ٹیچر باری باری کچھ بچوں کو سامنے بلا کر ان کے پسندیدہ جانور یا کسی دوست کے بارے میں ان سے سوال جواب کریں۔ بعد میں وہ بچا خود اپنے اس دوست کے بارے میں بچوں کو کچھ بتائے۔

اس طرح کی مشق سے بچوں میں جھجھک کم ہوتی ہے اور خود اعتمادی بڑھتی ہے۔ کوشش کریں کہ ایسے موقع پر وہ بچے بھی سامنے آئیں جو عام طور پر شرمیلے ہیں۔ سوال اس طرح کے ہو سکتے ہیں۔

دوست کا نام کیا ہے؟

سب سے اچھی عادت کون سی ہے؟

اگر لڑائی ہوتی ہے تو کون مناتا ہے؟ وغیرہ۔

# میری دوست

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
پرنٹر : جے ۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi. Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk